# روڈ سیفٹی

## اپنے بچے کا ہاتھ پکڑیں

ہو سکتا ہے کہ آپ کے بچے کا دھیان آسانی سے بٹ جائے اوروہ بہت چھوٹا ہونے کےباعث ڈرائیوروں کو نظر نہ آئے۔ ان میں خطرات کی پیشین گوئی کرنے یا شناخت کرنے کی مددگار صلاحتیں ابھی بھی زیرنمو ہوتی ہیں اور ان میں بغیر سوچے سمجھے کام کرنے کا رجحان ہوسکتا ہے۔

ایک بالغ کو ہمیشہ آپ کے بچے کی حفاظت کا ذمہ دار ہونا چاہیے جب وہ کہیں باہر جارہے ہوں۔

فٹ پاتھ پر محفوظ رویے کے بارے میں اپنے بچے سے بات کریں۔ یہ کھیلنے کے لیے محفوظ جگہ نہیں ہے کیونکہ یہ سڑک کے قریب ہے اور گاڑیاں ڈرائیو ویز میں داخل یا باہر نکل رہی ہوتی ہیں۔

جب تک آپ کا بچہ کم از کم 8 سال کا نہ ہو، اس کا ہاتھ پکڑیں:

- فٹ پاتھ پر
- کار پارک میں
- سڑک پار کرتے وقت۔

پھر، کم از کم 10 سال کی عمر تک، اپنے بچے کی بہت قریب سے نگرانی کریں، اور سڑک پار کرتے وقت اس کا ہاتھ پکڑیں۔

اگر آپ اپنے بچے کے ساتھ نہیں رہ سکتے ہیں، تو ان کے ساتھ جانے کے لیے کسی اور قابل اعتماد بالغ کا انتظام کریں۔

اسکول کے دن کے اختتام پر، آپ کا بچہ پرجوش، بے دھیانی میں یا تھکا ہوا ہو سکتا ہے اور اکثر اس بات پر توجہ نہیں دے رہا ہوتا ہے کہ اس کے ارد گرد کیا ہو رہا ہے۔ اسکول کے گیٹ پر اپنے بچے سے مل کر اسے محفوظ رکھنے میں مدد کریں۔ انہیں سڑک کے پارسے کبھی نہ بلائیں۔

**بچے آپ سے سڑک کو محفوظ طریقے سےاستعمال کرنے کی عادات سیکھتے ہیں اور جب وہ اکیلے سفر کرنے کے لیے کافی بڑے ہو جائیں گے تو وہ ان عادات کو جاری رکھیں گے۔**

سڑک کے ماحول سے متعلق بچوں کو محفوظ رکھنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **safetytown.com.au** پر فیملیز سیکشن دیکھیں




**کنڈرگارٹن سے کلاس 2 تک کے اپنے بچے کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے اہم روڈ سیفٹی پیغامات**

- کسی بڑے کا ہاتھ پکڑیں جب:
  - آپ سڑک پار کریں
  - آپ فٹ پاتھ پر ہوں
  - آپ کار پارک میں ہوں

**کلاس 3 تا کلاس 6 تک کے اپنے بچے کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے اہم روڈ سیفٹی پیغامات**

- سڑک پار کرتے وقت کسی بالغ کا ہاتھ پکڑیں (کم از کم 10 کی عمر تک)
- سڑک محفوظ جگہ سے پار کریں
- **رکیں ! دیکھیں ! سنیں ! سوچیں !** جب بھی آپ سڑک پارکریں اور اسے محفوظ طریقے سے عبورکرنے تک چیک کرتے جائیں

اسٹاک کوڈ 45095373 جون 2024 © ٹرانسپورٹ برائے NSW

NSW کی سڑکوں پر بہت زیادہ جانیں ضائع ہوتی ہیں۔
**ہمارا مقصد انہیں صفر بنانا ہے۔**

TOWARDS ZERO

NSW GOVERNMENT